سوال

(1027)خطیب کے دعائیہ جملوں پر سامعین کا ''آمین'' کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جمعہ کے خطبے میں خطیب دعائیہ جملے کہے تو کیا سامعین ''آمین'' کہہ سکتے ہیں؟

اسی طرح اگر آدمی خطبہ شروع ہونے کے بعد گھر سے نکلے اور خطبہ کی آواز سنائی دے رہی ہو تو کیا رستے میں کوئی ذکر یا کسی سے کوئی ضروری بات کر سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خطبہ کے دوران آمین کہنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس سے خطبہ کا سماع فوت نہیں ہوتا دور سے محض خطبہ سننے سے خاموش رہنا لازم نہیں آتا بلکہ جب اس کے لئے تیار ہو کر باقاعدہ سماع کرے تب وہ ''سننے والا'' شمار ہو گا اور تب اس پر وہ احکام لاگو ہوں گے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :824

محدث فتویٰ